thesuffah
Quran, Hadith & You

القرآن الكريم

أعوذ بالله من الشيطان الرجيم

**میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان کے شر سے**

| المنزل-۴ | اٰيٰاتُها - ۱۹۰ , رُكُوٓ عَاتُها - ۱۷ | اقْتَرَبَ لِلنَّاسِ - ۱۷ |
|---|---|---|
| رُكُوٓ عَاتُها-۷ | سُوۡرَةُ الأنبيَاء(مكي) | اٰيٰاتُها-۱۱۲ |

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

المنزل-۴ اِقۡتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمۡ وَهُمۡ فِىۡ غَفۡلَةٍ مُّعۡرِضُوۡنَ‌ۚ ①

لوگو ں کے حساب کا وقت قریب آ گیا ہے اوروہ غفلت میں پڑ کر ①
المنزل-۴ منہ پھیرنے والے ہیں

مَا يَاۡتِيۡهِمۡ مِّنۡ ذِكۡرٍ مِّنۡ رَّبِّهِمۡ مُّحۡدَثٍ اِلَّا اسۡتَمَعُوۡهُ وَهُمۡ يَلۡعَبُوۡنَۙ ②

ان کے رب کی طرف سمجھانے کے لیے کوئی ایسی نئی بات ان ②
کے پاس نہیں آتی کہ جسے سن کر ہنسی میں نہ ٹال دیتے ہوں

لَاهِيَةً قُلُوۡبُهُمۡ‌ؕ وَاَسَرُّوا النَّجۡوَىۖ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا ۖ هَلۡ هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ‌ۚ
اَفَتَاۡتُوۡنَ السِّحۡرَ وَاَنۡتُمۡ تُبۡصِرُوۡنَ ③

ان کے دل کھیل میں لگے ہوئے ہیں اور ظالم پوشیدہ سرگوشیاں ③
کرتے ہیں کہ یہ تمہاری طرح ایک انسان ہی تو ہے پھر کیا تم دیدہ
دانستہ جادو کی باتیں سنتے جاتے ہو

قٰلَ رَبِّىۡ يَعۡلَمُ الۡقَوۡلَ فِى السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ‌ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ④

رسول نے کہا میرا رب آسمان اور زمین کی سب باتیں جانتا ہے ④
اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے

بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۭ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚۖ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ
الْاَوَّلُوْنَ ⑤

بلکہ کہتے ہیں کہ یہ بیہودہ خواب ہیں بلکہ اس نے جھوٹ بنایا ہے ⑤
بلکہ وہ شاعر ہے پھر چاہیے کہ ہمارے پاس کوئی نشانی لائے جس
طرح پہلے پیغمبر بھیجے گئے تھے

مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ⑥

ان سے پہلے کوئی بستی ایمان نہیں لائی تھی جسے ہم نے ہلاک کیا ⑥
کیا اب یہ ایمان لائیں گے

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْــَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا
تَعْلَمُوْنَ ⑦

اور ہم نے تم سے پہلے بھی تو آدمیوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا ⑦
تھا ان کی طرف ہم وحی بھیجا کرتے تھے اگر تم نہیں جانتے تو علم
والوں سے پوچھ لو

وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ⑧

او رہم نے ان کے ایسے بدن بھی نہیں بنائے تھے کہ وہ کھانانہ ⑧
کھائیں اور نہ وہ ہمیشہ رہنے والے تھے

ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ (9)

پھر ہم نے ان سے وعدہ سچا کر دیا تب انہیں اور جسے ہم نے چاہا (9)
نجات دی اور ہم نے حد سے بڑھنے والوں کو ہلاک کر دیا

ع۱ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (10) ع

البتہ تحقیق ہم نے تمہارے پاس ایک ایسی کتاب بھیجی ہے جس میں (10)
ع۱ تمہاری نصیحت ہے کیا پس تم نہیں سمجھتے

وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ (11)

اور ہم نے بہت سی بستیوں کو جو ظالم تھیں غارت کر دیا ہے اور (11)
ان کے بعد ہم نے اور قومیں پیدا کیں

فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ۭ (12)

پھر جب انہوں نے ہمارے عذاب کی آہٹ پائی تو وہ فوراً وہاں سے (12)
بھاگنے لگے

لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ (13)

مت بھاگو اور لوٹ جاؤ جہاں تم نے عیش کیا تھا اور اپنے گھروں (13)
میں جاؤ تاکہ تم سے پوچھا جائے

قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ (14)

کہنے لگے ہائے ہماری کم بختی بے شک ہم ہی ظالم تھے (14)

فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ (15)

سو ان کی یہی پکار رہی یہاں تک کہ ہم نے انہیں ایسا کر دیا جس ⑮
طرح کھیتی کٹی ہوئی ہو اور وہ بجھ کر رہ گئے

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ⑯
اور ہم نے آسمان اور زمین کو اورجو کچھ ان کے بیچ میں ہے ⑯
کھیلتے ہوئے نہیں بنایا

لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ⑰
اور اگر ہم کھیل ہی بنانا چاہتے تو اپنے پا س کی چیزوں کو بناتے ⑰
اگر ہمیں یہی کرنا ہوتا

بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۭ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا
تَصِفُوْنَ ⑱
بلکہ ہم حق کو باطل پر پھینک مارتے ہیں پھر وہ باطل کا سر توڑ ⑱
دیتا ہے پھر وہ مٹنے والا ہوتا ہے او رتم پر افسوس ہے ان باتوں سے
جو تم بناتے ہو

وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا
يَسْتَحْسِرُوْنَ ۚ ⑲
اور اسی کا ہے جو کوئي آسمانوں اور زمین میں ہے اور جو اس ⑲
کے ہاں ہیں اس کی عبادت سے سرکشی نہیں کرتےاور نہ تھکتے ہیں

يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ⑳
رات اور دن تسبیح کرتے ہیں سستی نہیں کرتے ⑳

اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ㉑
کیاانہوں نے زمین کی چیزوں سے ایسے معبود بنا رکھے ہیں جو ㉑
زندہ کریں گے

لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ㉒
اگر ان دونوں میں اللہ کے سوا اور معبود ہوتے تو دونوں خراب ہو ㉒
جاتے سو اللہ عرش کا مالک ان باتوں سے پاک ہے جو یہ بیان کرتے
ہیں

لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ㉓
جو کچھ وہ کرتاہے اس سے پوچھا نہیں جاتا اور وہ پوچھے جاتے ㉓
ہیں

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ۭ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ
مَنْ قَبْلِيْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ㉔
کیا انہوں نے اس کے سوا اور بھی معبود بنا رکھے ہیں کہہ دو اپنی ㉔
دلیل لاؤ یہ میرے ساتھ والو ں کی کتاب اور مجھ سے پہلے لوگوں کی
کتابیں موجود ہیں بلکہ اکثران میں سے حق جانتے ہی نہیں اس لیے
منہ پھیرے ہوئے ہیں

وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا نُوۡحِىۡۤ اِلَيۡهِ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعۡبُدُوۡنِ ﴿25﴾

اور ہم نے تم سے پہلے ایسا کوئی رسول نہیں بھیجا جس کی طرف ﴿25﴾
یہ وحی نہ کی ہو کہ میرے سوا اور کوئی معبود نہیں سومیری ہی
عبادت کرو

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحۡمٰنُ وَلَدًا سُبۡحٰنَهٗ ؕ بَلۡ عِبَادٌ مُّكۡرَمُوۡنَ ۙ ﴿26﴾

اور کہتے ہیں کہ اللہ نے اولاد بنا رکھی ہے وہ پاک ہے لیکن وہ ﴿26﴾
معزز بندے ہیں

لَا يَسۡبِقُوۡنَهٗ بِالۡقَوۡلِ وَهُمۡ بِاَمۡرِهٖ يَعۡمَلُوۡنَ ﴿27﴾

بات کرنے میں اس سے پیش قدمی نہیں کرتے اور وہ اسی کے ﴿27﴾
حکم پر کام کرتے ہیں

يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ وَلَا يَشۡفَعُوۡنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارۡتَضٰى وَهُمۡ مِّنۡ
خَشۡيَتِهٖ مُشۡفِقُوۡنَ ﴿28﴾

وہ جانتا ہے جو ان کے آگے اور جو ان کے پیچھے ہے اور وہ ﴿28﴾
شفاعت بھی نہیں کرتے مگر اسی کے لیے جس سے وہ خوش ہو اور
وہ اس کی ہیبت سے ڈرتے ہیں

وَمَنۡ يَّقُلۡ مِنۡهُمۡ اِنِّىۡۤ اِلٰهٌ مِّنۡ دُوۡنِهٖ فَذٰلِكَ نَجۡزِيۡهِ جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ نَجۡزِى
الظّٰلِمِيۡنَ ﴿29﴾ ع ۲

اورجو کوئی ان میں سے یہ کہے کہ بے شک میں اس کے سوا خدا ﴿29﴾
ہوں تو اسی پر ہم اسے جہنم کی سزاد یں گے ہم اسی طرح ظالموں
کو سزا دیا کرتے ہیں ع۲

اَوَلَمۡ یَرَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ کَانَتَا رَتۡقًا فَفَتَقۡنٰهُمَا ؕ وَجَعَلۡنَا
مِنَ الۡمَآءِ کُلَّ شَیۡءٍ حَیٍّ ؕ اَفَلَا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿30﴾
کیا منکروں نے نہیں دیکھا کہ آسمان اور زمین جڑے ہوئے تھے ﴿30﴾
پھر ہم نے انہیں جدا جدا کر دیا اورہم نے ہر جاندار چیز کو پانی سے
بنایا کیا پھر بھی یقین نہیں کرتے

وَجَعَلۡنَا فِی الۡاَرۡضِ رَوَاسِیَ اَنۡ تَمِیۡدَ بِهِمۡ ۪ وَجَعَلۡنَا فِیۡهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمۡ
یَهۡتَدُوۡنَ ﴿31﴾
اورہم نے زمین میں بھاری پہاڑ رکھ دیئے تاکہ انہیں لے کر داھر ﴿31﴾
اُدھر نہ جھکنے پائے اور ہم نے اس میں کشادہ راہیں بنا دی ہیں تاکہ
وہ راہ پائیں

وَجَعَلۡنَا السَّمَآءَ سَقۡفًا مَّحۡفُوۡظًا ۚۖ وَّهُمۡ عَنۡ اٰیٰتِهَا مُعۡرِضُوۡنَ ﴿32﴾
اور ہم نے آسمان کو ایک محفوظ چھت بنا دیا اور وہ آسمان کی ﴿32﴾
نشانیوں سے منہ موڑنے واے ہیں

وَهُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ الَّیۡلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ ؕ کُلٌّ فِیۡ فَلَكٍ یَّسۡبَحُوۡنَ ﴿33﴾
اور وہی ہے جس نے رات اور دن اور سورج اور چاند بنائے سب ﴿33﴾
اپنے اپنے چکر میں پھرتے ہیں

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ اَفَا۟ئِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ﴿34﴾

اور ہم نے تجھ سے پہلے کسی آدمی کو ہمیشہ کے لیے زندہ رہنے ﴿34﴾
نہیں دیا پھر کیا اگر تو مر گیا تو وہ رہ جائیں گے

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ؕ وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿35﴾

ہر ایک جاندار موت کا مزہ چکھنے والا ہے اور ہم تمہیں برائی ﴿35﴾
اوربھلائی سے آزمانے کے لیے جانچتے ہیں اورہماری طرف لوٹائے
جاؤ گے

وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِىْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ
وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿36﴾

اور جہاں تمہیں کافر دیکھتے ہیں تو انہیں تجھ سے سوائے ٹھٹھا ﴿36﴾
کرنے کے اور کوئی کام نہیں کیا یہی شخص ہے جو تمہارے
معبودوں کا نام لیتا ہے اور وہ رحمان کے نام سے منکر ہیں

خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِىْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿37﴾

آدمی جلد باز بنایا گیا ہے میں تمہیں اپنی نشانیاں ابھی دکھاتا ہوں ﴿37﴾
سو جلدی مت کرو

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿38﴾

ور کہتے ہیں یہ وعدہ کب ہوگا اگر تم سچے ہو ﴿38﴾

لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ
وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿39﴾

کاش یہ منکر اس وقت کو جان لیں کہ اپنے مونہوں اوراپنی پیٹھوں ﴿39﴾
سے آگ کو روک نہیں سکیں گے اور نہ وہ مدد کیے جائیں گے

بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿40﴾

بلکہ وہ ان پر ناگہاں آئے گی پھر وہ ان کے ہوش کھو دے گی پھر ﴿40﴾
نہ اسے ٹال سکیں گے اورنہ انہیں مہلت دی جائے گی

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ
يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿41﴾ ع ۳

اور تجھ سے پہلے بھی رسولوں کے ساتھ ٹھٹھا کیا گیا ہے پھر جس ﴿41﴾
عذاب کی بابت وہ ہنسی کیا کرتے تھے ان ٹھٹھا کرنے والوں پر وہی آ
پڑا ۳ع

قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ۭ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ
مُّعْرِضُوْنَ ﴿42﴾

کہہ دو تمہاری رات اور دن میں رحمان سے کون نگہبانی کرتا ہے ﴿42﴾
بلکہ وہ اپنے رب کے ذکر سے منہ موڑنے والے ہیں

اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ۭ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا
يُصْحَبُوْنَ ﴿43﴾

کیا ہم سے ان کے معبود انہیں بچائے رکھتے ہیں وہ تو خود اپنی ﴿43﴾
بھی مدد نہیں کر سکتے اور نہ ہمارے مقابلہ میں ان کا کوئی ساتھ دے
گا

بَلۡ مَتَّعۡنَا هٰۤؤُلَآءِ وَ اٰبَآءَهُمۡ حَتّٰى طَالَ عَلَيۡهِمُ الۡعُمُرُ ؕ اَفَلَا يَرَوۡنَ اَنَّا نَاۡتِى
الۡاَرۡضَ نَـنۡقُصُهَا مِنۡ اَطۡرَافِهَا ؕ اَفَهُمُ الۡغٰلِبُوۡنَ ﴿44﴾
بلکہ ہم نے ان کو اور ان کے باپ دادا کو خوب سامان دیا یہاں تک ﴿44﴾
کہ ان پر ایک عرصہ دراز گزر گیا کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ بے
شک ہم زمین کو ہر طرف سے گھٹاتے چلے جاتے ہیں سو کیا یہ
لوگ غالب آنے والے ہیں

قُلۡ اِنَّمَاۤ اُنۡذِرُكُمۡ بِالۡوَحۡىِ ‌ۖ وَلَا يَسۡمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ اِذَا مَا يُنۡذَرُوۡنَ ﴿45﴾
کہہ دو کہ میں تو صرف وحی کے ذریعہ سے تمہیں ڈراتا ہوں اور ﴿45﴾
یہ بہرے جس وقت ڈرائے جاتے ہیں سنتے ہی نہیں

وَلَٮِٕنۡ مَّسَّتۡهُمۡ نَفۡحَةٌ مِّنۡ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَـقُوۡلُنَّ يٰوَيۡلَنَاۤ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيۡنَ ﴿46﴾
اور البتہ اگر انہیں تیرے رب کا عذاب کا ایک جھونکا بھی لگ ﴿46﴾
جائے تو ضرور کہیں گے کہ ہائے ہماری کم بختی بے شک ہم ظالم
تھے

وَنَضَعُ الۡمَوَازِيۡنَ الۡقِسۡطَ لِيَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ فَلَا تُظۡلَمُ نَفۡسٌ شَيۡـــًٔا ‌ؕ وَاِنۡ كَانَ مِثۡقَالَ
حَبَّةٍ مِّنۡ خَرۡدَلٍ اَتَيۡنَا بِهَا ‌ؕ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيۡنَ ﴿47﴾

اور قیامت کے دن ہم انصاف کی ترازو قائم کریں گے پھرکسی پر ﴿47﴾
کچھ ظلم نہ کیا جائے گا اور اگر رائی کے دانہ کے برابر بھی عمل
ہو گا تو اسے بھی ہم لے آئیں گے اور ہم ہی حساب لینے کے لیے
کافی ہیں

وَلَقَدۡ اٰتَیۡنَا مُوۡسٰی وَ ہٰرُوۡنَ الۡفُرۡقَانَ وَ ضِیَآءً وَّ ذِکۡرًا لِّلۡمُتَّقِیۡنَ ﴿48﴾
اور البتہ تحقیق ہم نے موسیٰ اور ہارون کو فیصلہ کرنے والی اور ﴿48﴾
روشنی دینے والی اور پرہیز گاروں کو نصیحت کرنے والی کتاب دی
تھی

الَّذِیۡنَ یَخۡشَوۡنَ رَبَّہُمۡ بِالۡغَیۡبِ وَ ہُمۡ مِّنَ السَّاعَۃِ مُشۡفِقُوۡنَ ﴿49﴾
جو اپنے رب سے بن دیکھے ڈرتے ہیں اور قیامت کا بھی خوف ﴿49﴾
رکھنے والے ہیں

وَ ہٰذَا ذِکۡرٌ مُّبٰرَکٌ اَنۡزَلۡنٰہُ ؕ اَفَاَنۡتُمۡ لَہٗ مُنۡکِرُوۡنَ ﴿50﴾ ع
اور یہ ایک مبارک نصیحت ہے جسے ہم نازل کیاہے پھر کیا تم اس ﴿50﴾
کے بھی منکر ہو ۴ع

وَ لَقَدۡ اٰتَیۡنَاۤ اِبۡرٰہِیۡمَ رُشۡدَہٗ مِنۡ قَبۡلُ وَ کُنَّا بِہٖ عٰلِمِیۡنَ ﴿51﴾ ج
اور ہم نے پہلے ہی سے ابراھیم کو اس کی صلاحیت عطا کی تھی ﴿51﴾
اور ہم اس سے واقف تھے

اِذۡ قَالَ لِاَبِیۡہِ وَ قَوۡمِہٖ مَا ہٰذِہِ التَّمَاثِیۡلُ الَّتِیۡۤ اَنۡتُمۡ لَہَا عٰکِفُوۡنَ ﴿52﴾

جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا کہ یہ کیسی مورتیں ﴿52﴾
ہیں جن پر تم مجاور بنے بیٹھے ہو

قَالُوْا وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿53﴾
انہوں نے کہا ہم نے اپنے باپ دادا کو انہیں کی پوجا کرتے پایا ہے ﴿53﴾

قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿54﴾
کہا البتہ تحقیق تم اور تمہارے باپ دادا صریح گمراہی میں رہے ہو ﴿54﴾

قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿55﴾
انہوں نے کہا کیا تو ہمارے پاس سچی بات لایا ہے یا تو دل لگی ﴿55﴾
کرتا ہے

قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِیْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ
الشّٰهِدِيْنَ ﴿56﴾
کہا بلکہ تمہارا رب تو آسمانوں اور زمین کا رب ہے جس نے انہیں ﴿56﴾
بنایا ہے اور میں اسی بات کا قائل ہوں

وَ تَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿57﴾
اور اللہ کی قسم میں تمہارے بتوں کا علاج کروں گا جب تم پیٹھ پھیر ﴿57﴾
کر جا چکو گے

فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿58﴾
پھر ان کے بڑے کے سوا سب کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا تاکہ اس کی ﴿58﴾
طرف رجوع کریں

قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿59﴾
انہوں نے کہا ہمارے معبودوں کے ساتھ کس نے یہ کیا ہے بے ﴿59﴾
شک وہ ظالموں میں سے ہے

قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ؕ ﴿60﴾
انہو ں نے کہا ہم نے سنا ہے کہ ایک جو ان بتوں کو کچھ کہا کرتا ﴿60﴾
ہے اسے ابراھیم کہتے ہیں

قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ﴿61﴾
کہنے لگے اسے لوگوں کے سامنے لے آؤ تاکہ وہ دیکھیں ﴿61﴾

قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ؕ ﴿62﴾
کہنے لگے اے ابراھیم کیا تو نے ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ کیا ﴿62﴾
ہے

قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ ق كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿63﴾
کہا بلکہ ان کے اس بڑے نے یہ کیا ہے سو ان سے پوچھ لو اگر وہ ﴿63﴾
بولتے ہیں

فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۙ ﴿64﴾

پھر وہ اپنے دل میں سوچ کر کہنے لگے بے شک تم ہی بے ۝64
انصاف ہو

ثُمَّ نُكِسُوا عَلٰى رُءُوسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ۝65
پھر انہو ں نے سر نیچا کر کے کہا تو جانتا ہے کہ یہ بولا نہیں ۝65
کرتے

قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْــًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ۭ ۝66
کہا پھر کیا تم الله کے سوا اس چیز کی پوجا کرتے ہو جو نہ تمہیں ۝66
نفع دے سکےاور نہ نقصان پہنچا سکے

اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝67
میں تم سے اور جنہیں الله کے سوا پوجتے ہو بیزار ہوں پھر کیا ۝67
تمھیں عقل نہیں ہے

قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝68
انہوں نے کہا اگر تمہیں کچھ کرنا ہے تو اسے جلا دو اور اپنے ۝68
معبودوں کی مدد کرو

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۙ ۝69
ہم نے کہا اے آگ ابراھیم پر سرد اورراحت ہو جا ۝69

وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ۚ ۝70
اور انہوں نے اس کی برائی چاہی سو ہم نے انہیں ناکام کر دیا ۝70

وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿71﴾
اور ہم اسے اورلوط کو بچا کراس زمین کی طرف لے آئے جس ﴿71﴾
میں ہم نے جہان کے لیے برکت رکھی ہے

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ؕ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿72﴾
اور ہم نے اسے اسحاق بخشا اور انعام میں یعقوب دیا اور سب ﴿72﴾
کو نیک بخت کیا

وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ
وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۙ ﴿73﴾
اورہم نے انہیں پیشوا بنایا جو ہمارے حکم سے رہنمائی کیا کرتے ﴿73﴾
تھے اور ہم نے انہیں اچھے کام کرنے اور نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ
دینے کا حکم دیا تھا اور وہ ہماری ہی بندگی کیا کرتے تھے

وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ
اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ۙ ﴿74﴾
اور لوط کو ہم نے حکمت اور علم عطا کیا تھا اور ہم اسے اس ﴿74﴾
بستی سے جو گندے کام کیا کرتی تھی بچا کر لے آئے بے شک وہ
لوگ برے نافرمانی کرنے والے تھے

وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۧ ﴿75﴾

اور اسے ہم نے اپنی رحمت میں لے لیا بے شک وہ نیک بختوں میں ﴿75﴾
سے تھا
**ع۵**

وَنُوۡحًا اِذۡ نَادٰى مِنۡ قَبۡلُ فَاسۡتَجَبۡنَا لَهٗ فَنَجَّيۡنٰهُ وَاَهۡلَهٗ مِنَ الۡكَرۡبِ الۡعَظِيۡمِ‌ۚ ﴿76﴾
اور نوح کو جب اس نے اس سے پہلے پکارا پھر ہم نے اس کی ﴿76﴾
دعا قبول کر لی پھر ہم نے اسے اور اس کے گھر والوں کو گھبراہٹ
سے بچا لیا

وَنَصَرۡنٰهُ مِنَ الۡقَوۡمِ الَّذِيۡنَ كَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِنَا‌ ؕ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا قَوۡمَ سَوۡءٍ فَاَغۡرَقۡنٰهُمۡ
اَجۡمَعِيۡنَ ﴿77﴾
اور ہم نے اس کی مدد کی ان لوگوں پر جو ہماری آیتیں جھٹلاتے ﴿77﴾
تھے بے شک وہ بُرے لوگ تھے پھر ہم نے ان سب کو غرق کر دیا

وَدَاوٗدَ وَسُلَيۡمٰنَ اِذۡ يَحۡكُمٰنِ فِى الۡحَـرۡثِ اِذۡ نَفَشَتۡ فِيۡهِ غَنَمُ الۡقَوۡمِ‌ۚ وَكُنَّا
لِحُكۡمِهِمۡ شٰهِدِيۡنَ ۙ‏ ﴿78﴾
اور داؤد اور سلیمان کو جب وہ کھیتی کے جھگڑا میں فیصلہ کرنے ﴿78﴾
لگے جب کہ اس میں کچھ لوگوں کی بکریاں رات کے وقت جا پڑیں
اور ہم اس فیصلہ کو دیکھ رہے تھے

فَفَهَّمۡنٰهَا سُلَيۡمٰنَ‌ۚ وَكُلًّا اٰتَيۡنَا حُكۡمًا وَّعِلۡمًا‌ ۖ وَّسَخَّرۡنَا مَعَ دَاوٗدَ الۡجِبَالَ يُسَبِّحۡنَ
وَالطَّيۡرَ‌ؕ وَكُنَّا فٰعِلِيۡنَ‏ ﴿79﴾

پھر ہم نے وہ فیصلہ سلیمان کو سمجھا دیا اور ہر ایک کو ہم نے ﴿79﴾
حکمت اور علم دیا تھا اور ہم نے داؤد کے ساتھ پہاڑ او رپرندے تابع
کیے جو تسبیح کیا کرتے تھے اور یہ سب کچھ ہم ہی کرنے والے
تھے

وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿80﴾

اور ہم نےاسے تمہارے لیے زرہیں بنانا بھی سکھایا تاکہ تمہیں ﴿80﴾
لڑائی میں محفوظ رکھیں پھر کیا تم شکر کرتے ہو

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖۤ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَكُنَّا بِكُلِّ
شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿81﴾

اور زور سے چلنے والی ہوا سلیمان کے تابع کی جو اس کے حکم ﴿81﴾
سے اس زمین کی طرف چلتی جہاں ہم نے برکت دی ہے اور ہم ہر
چیز کو جاننے والے ہیں

وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ
حٰفِظِيْنَ ۙ﴿82﴾

اورتو کچھ ایسے جن تھے جو دریا میں اس کے واسطے غوطہ ﴿82﴾
لگاتے تھے اور اس کے سوا اور کام بھی کرتے تھے اور ہم ان کی
حفاظت کرنے والے تھے

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۚۖ ﴿83﴾

اور جب کہ ایوب نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے روگ لگ گیا ﴿83﴾
ہے حالانکہ تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَ مِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ
عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿84﴾
پھر ہم نے اس کی دعا قبول کی اور جو اسے تکلیف تھی ہم نے دور ﴿84﴾
کر دی اور اسے اس کے گھر والے دیئے اور اتنا ہی ان کے ساتھ
اپنی رحمت سے اوربھی دیا اور عبادت کرنے والوں کے لیے
نصیحت ہے

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۚۖ ﴿85﴾
اور اسماعیل اور ادریس اور ذوالکفل کو یہ سب صبر کرنے والے ﴿85﴾
تھے

وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿86﴾
اور ہم نے انہیں اپنی رحمت میں داخل کر لیا بے شک وہ نیک ﴿86﴾
بختوں میں سے تھے

وَ ذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ
اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ ۗ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚۖ ﴿87﴾
اور مچھلی والے کو جب غصہ ہو کر چلا گیا پھر خیال کیا کہ ہم ﴿87﴾
اسے نہیں پکڑیں گے اندھیروں میں پکارا کہ تیرے سوا کوئی معبود

نہیں ہے تو بے عیب ہے بے شک میں بے انصافوں میں سے تھا

فَاسۡتَجَبۡنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيۡنٰهُ مِنَ الۡغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُـنۡجِى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿88﴾

پھر ہم نے اس کی دعا قبول کی اور اسے غم سے نجات دی اور ہم ﴿88﴾
ایمان داروں کو یونہی نجات دیا کرتے ہیں

وَزَكَرِيَّاۤ اِذۡ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرۡنِىۡ فَرۡدًا وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡوٰرِثِيۡنَ ۖۚ ﴿89﴾

اور ذکریا کو جب اس نے اپنے رب کو پکارا اے رب مجھے اکیلا ﴿89﴾
نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث ہے

فَاسۡتَجَبۡنَا لَهٗ ۡ وَوَهَبۡنَا لَهٗ يَحۡيٰى وَاَصۡلَحۡنَا لَهٗ زَوۡجَهٗ ؕ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا يُسٰرِعُوۡنَ فِى
الۡخَيۡرٰتِ وَيَدۡعُوۡنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوۡا لَنَا خٰشِعِيۡنَ ﴿90﴾

پھر ہم نے اس کی دعا قبول کی اور اسے یحییٰ عطا کیا اور اس ﴿90﴾
کے لیے اس کی بیوی کو درست کر دیا بے شک یہ لوگ نیک کاموں
میں دوڑ پڑتے تھے اور ہمیں امید اور ڈر سے پکارا کرتے تھے اور
ہمارے سامنے عاجزی کرنے والے تھے

وَالَّتِىۡۤ اَحۡصَنَتۡ فَرۡجَهَا فَنَفَخۡنَا فِيۡهَا مِنۡ رُّوۡحِنَا وَجَعَلۡنٰهَا وَابۡنَهَاۤ اٰيَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ﴿91﴾

اوروہ عورت جس نے اپنی عصمت کو محفوظ رکھا پھر ہم نے اس ﴿91﴾
میں اپنی روح پھونک دی اور اسے اور اس کے بیٹے کو جہان کے
لیے نشانی بنایا

إِنَّ هَٰذِهِۦٓ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَٰحِدَةً وَأَنَا۠ رَبُّكُمْ فَٱعْبُدُونِ ﴿92﴾
یہ لوگ تمہارے گروہ کے ہیں جو ایک ہی گروہ ہے اور میں تمہارا ﴿92﴾
رب ہوں پھر میری ہی عبادت کرو

وَتَقَطَّعُوٓا۟ أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ ۖ كُلٌّ إِلَيْنَا رَٰجِعُونَ ﴿93﴾
اور ان لوگوں نے اپنے دین میں اختلاف پیدا کر لیا سب ہمارے پاس ﴿93﴾
ہی آنے والے ہیں ع ۶

فَمَن يَعْمَلْ مِنَ ٱلصَّٰلِحَٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهِۦ وَإِنَّا لَهُۥ كَٰتِبُونَ ﴿94﴾
پھر جو کوئی اچھے کام کرے گا اور وہ مومن بھی ہوگا تو اس کی ﴿94﴾
کوشش رائگان نہ جائے گی اوربے شک ہم اس کے لکھنے والے ہیں

وَحَرَٰمٌ عَلَىٰ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَٰهَآ أَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ﴿95﴾
اورجن بستیوں کو ہم فنا کر چکے ہیں ان کے لیے ناممکن ہے کہ ﴿95﴾
وہ پھر لوٹ کر آئیں

حَتَّىٰٓ إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ وَهُم مِّن كُلِّ حَدَبٍ يَنسِلُونَ ﴿96﴾
یہاں تک کہ جب یاجوج اور ماجوج کھول دیئے جائیں گے اور وہ ﴿96﴾
ہر بلندی سے دوڑتے چلے آئیں گے

وَٱقْتَرَبَ ٱلْوَعْدُ ٱلْحَقُّ فَإِذَا هِىَ شَٰخِصَةٌ أَبْصَٰرُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ يَٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِى
غَفْلَةٍ مِّنْ هَٰذَا بَلْ كُنَّا ظَٰلِمِينَ ﴿97﴾

اور سچا وعدہ نزدیک آ پہنچے گا پھر اس وقت منکرو ں کی آنکھیں ﴿97﴾
اوپر لگی رہ جائیں گی ہائے کم بختی ہماری بے شک ہم تو اس سے
غفلت میں پڑے ہوئے تھے بلکہ ہم ہی ظالم تھے

اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿98﴾
بے شک تم اور الله کے سوا جو کچھ پوجتے ہو دوزخ کا ایندھن ہے ﴿98﴾
تم سب اس میں داخل ہو گے

لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿99﴾
اگر یہ معبود ہوتے تو اس میں داخل نہ ہوتے اور سب اس میں ﴿99﴾
ہمیشہ رہنے والے ہیں

لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿100﴾
ان کے لیے دوزخ میں چیخیں ہو ں گی اوروہ اس میں کچھ نہیں ﴿100﴾
سنیں گے

اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ۙ ﴿101﴾
بے شک جن کے لیے ہماری طرف سے بھلائی مقدر ہو چکی ہے ﴿101﴾
وہ اس سے دور رکھے جائیں گے

لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ۚ ﴿102﴾
اس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے اور وہ اپنی من مانی مرادوں میں ﴿102﴾
ہمیشہ رہیں گے

لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿103﴾

اور انہیں بڑا بھاری خوف بھی پریشان نہیں کرے گا اور ان سے ﴿103﴾ فرشتے آ ملیں گے یہی وہ تمہارا دن ہے جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا

يَوْمَ نَطْوِی السَّمَآءَ كَطَیِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ؕ كَمَا بَدَاْنَاۤ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِیْدُهٗ ؕ وَعْدًا عَلَیْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِیْنَ ﴿104﴾

جس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹیں گے جیسے خطوں کا طومار ﴿104﴾ لپیٹا جاتا ہے جس طرح ہم نے پہلی بار پیدا کیا تھا دوبارہ بھی پیدا کریں گے یہ ہمارے ذمہ وعدہ ہے بے شک ہم پورا کرنے والے ہیں

وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِی الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ یَرِثُهَا عِبَادِیَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿105﴾

اور البتہ تحقیق ہم نصیحت کے بعد زبور میں لکھ چکے ہیں کہ بے ﴿105﴾ شک زمین کے وارث ہمارے نیک بندے ہی ہوں گے

اِنَّ فِیْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِیْنَ ؕ ﴿106﴾

بےشک اس میں خدا پرستوں کے لیے ایک پیغام ہے ﴿106﴾

وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿107﴾

او رہم نے توتمہیں تمام جہان کے لوگوں کے حق میں رحمت بنا کر ﴿107﴾ بھیجا ہے

قُلۡ اِنَّمَا یُوۡحٰۤی اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰـہُکُمۡ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ۚ فَہَلۡ اَنۡتُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ ﴿۱۰۸﴾
کہہ دو مجھے تو یہی حکم آیا ہے کہ تمہارا معبود ایک معبود ہے ﴿۱۰۸﴾
پھر کیا اس کے آگے سر جھکاتے ہو

فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ اٰذَنۡتُکُمۡ عَلٰی سَوَآءٍ ؕ وَاِنۡ اَدۡرِیۡۤ اَقَرِیۡبٌ اَمۡ بَعِیۡدٌ مَّا تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۱۰۹﴾
پھر اگر وہ منہ موڑیں تو کہہ دو کہ میں نے یکساں طور پر خبر ﴿۱۰۹﴾
دے دی ہے اورمجھے معلوم نہیں کہ نزدیک ہے یا دور ہے جس کا تم
سے وعدہ کیا جاتا ہے

اِنَّہٗ یَعۡلَمُ الۡجَہۡرَ مِنَ الۡقَوۡلِ وَیَعۡلَمُ مَا تَکۡتُمُوۡنَ ﴿۱۱۰﴾
بے شک وہ جانتا ہے جو بات پکار کر کہو اور جانتا ہے جو تم ﴿۱۱۰﴾
چھپاتے ہو

وَاِنۡ اَدۡرِیۡ لَعَلَّہٗ فِتۡنَۃٌ لَّکُمۡ وَمَتَاعٌ اِلٰی حِیۡنٍ ﴿۱۱۱﴾
اور میں نہیں جانتا شاید وہ تمہارے لیے امتحان ہو اور ایک وقت ﴿۱۱۱﴾
تک دنیا کا فائدہ پہنچانا منظور ہو

النصف ۷ع قٰلَ رَبِّ احۡکُمۡ بِالۡحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحۡمٰنُ الۡمُسۡتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوۡنَ ﴿۱۱۲﴾ ع
کہ اے رب انصاف کا فیصلہ کر دے اور ہمارا رب بڑا مہربان ہے ﴿۱۱۲﴾
النصف ۷ع اسی سے مدد مانگتے ہیں ان باتوں پر جو تم بیان کرتے ہو

| | | |
|---|---|---|
| اٰیاتُھا-۷۸ | سُوۡرَۃُ الحَجّ(مدني) | رُکُوۡ عَاتُھا-۱۰ |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع الله کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يَاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ①
اے لوگو اپنے رب سے ڈرو بے شک قیامت کا زلزلہ ایک بڑی ①
چیز ہے

يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا
وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ②
جس دن اسے دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے کو ②
بھول جائے گی اور ہر حمل والی اپنا حمل ڈال دے گی اور تجھے
لوگ مدہوش نظر آئیں گے اور وہ مدہوش نہ ہوں گے لیکن اللہ کا
عذاب سخت ہوگا

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۙ ③
اور بعضے لوگ وہ ہیں جو اللہ کے معاملے میں بے سمجھی سے ③
جھگڑتے ہیں اور ہر شیطان سرکش کے کہنے پر چلتے ہیں

كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ④
جس کے حق میں لکھاجا چکا ہے کہ جو اسے یار بنائے گا تو وہ ④
اسے گمراہ کر کے رہے گا اور اسے دوزخ کے عذاب کا راستہ
دکھائے گا

يَاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ
نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۭ وَنُقِرُّ فِي

الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ
وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ
شَيْــــًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ
مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ⑤

اے لوگو اگر تمہیں دوبارہ زندہ ہونے میں شک ہے تو ہم نے تمہیں ⑤ مٹی سے پھر قطرہ سے پھر جمے ہوئے خون سے پھر گوشت کی بوٹی نقشہ بنی ہوئی اور بغیر نقشہ بنی ہوئی سے بنایا تاکہ ہم تمہارے سامنے ظاہر کر دیں اور ہم رحم میں جس کو چاہتے ہیں ایک مدت معین تک ٹھیراتے ہیں پھر ہم تمہیں بچہ بنا کر باہر لاتے ہیں پھر تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچو اور کچھ تم میں سے مرجاتے ہیں اور کچھ تم میں سے نکمی عمر تک پہنچائے جاتے ہیں کہ سمجھ بوجھ کا درجہ پاکر ناسمجھی کی حالت میں جا پڑتا ہے اور تم زمین کوسوکھی دیکھتے ہو پھر جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں تو تر و تازہ ہو جاتی ہے او رہر قسم کے خوش نمانباتات اُگ آتے ہیں

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ ⑥

یہ اس لیے ہے کہ اللہ ہی برحق ہے اور مردوں کو زندہ کرے گا ⑥ اور وہ ہر بات پر قادر ہے

وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ⑦

اور بے شک قیامت آنے والی ہے جس میں کوئی شک نہیں اور بے ⑦
شک اللہ قبروں والوں کو دوبارہ اٹھائے گا

وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ يُّجَادِلُ فِى اللّٰهِ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيۡرٍۙ ⑧
اور بعضاً وہ شخص ہے جو اللہ کے معاملہ میں بے سمجھی اور ⑧
دلیل اور روشن کتاب کے بغیر تکبر سے جھگڑتا ہے

ثَانِىَ عِطۡفِهٖ لِيُضِلَّ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ‌ؕ لَهٗ فِى الدُّنۡيَا خِزۡىٌ‌ وَّنُذِيۡقُهٗ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ
عَذَابَ الۡحَـرِيۡقِ ⑨
تاکہ اللہ کی راہ سے بہکائے اس کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور ⑨
قیامت کے دن بھی ہم اسے دوزخ کے عذاب کا مزہ چکھاویں گے

ذٰ لِكَ بِمَا قَدَّمَتۡ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَـيۡسَ بِظَلَّامٍ لِّـلۡعَبِيۡدِ ⑩ع
یہ تیرے ہاتھوں کے کیے ہوئے کاموں کا بدلہ ہے اور بےشک اللہ ⑩
بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ع۸

وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ يَّعۡبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرۡفٍ‌ ۚ فَاِنۡ اَصَابَهٗ خَيۡرُ ۨاطۡمَاَنَّ بِهٖ‌ ۚ وَاِنۡ اَصَابَتۡهُ
فِتۡنَةُ اۨنقَلَبَ عَلٰى وَجۡهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةَ‌ ؕ ذٰ لِكَ هُوَ الۡخُسۡرَانُ الۡمُبِيۡنُ ⑪

اور بعض وہ لوگ ہیں کہ اللہ کی بندگی کنارے پر ہو کر کرتے ہیں ⑪
پھر اگر اسے کچھ فائدہ پہنچ گیا تو اس عبادت پر قائم ہو گیا اور اگر

تکلیف پہنچ گئی تو منہ کے بل پھر گیا دنیا اور آخرت گنوائی یہی وہ صریح خسارا ہے

يَدۡعُوۡا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنۡفَعُهٗ‌ ؕ ذٰ لِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الۡبَعِيۡدُ‌ ۚ‏ ﴿12﴾

اللہ کے سوا ایسی چیز کو پکارتا ہے جو نہ اسے ضرر دے سکے ﴿12﴾
اور نہ اسے فائدہ پہنچا سکے یہی وہ پرلے درجہ کی گمراہی ہے

يَدۡعُوۡا لَمَنۡ ضَرُّهٗۤ اَقۡرَبُ مِنۡ نَّـفۡعِهٖ‌ ؕ لَبِئۡسَ الۡمَوۡلٰى وَلَبِئۡسَ الۡعَشِيۡرُ‏ ﴿13﴾

ایسے کو پکارتا ہے جس کا ضرر اس کے نفع سے نزدیک تر ہے ﴿13﴾
ایسا کارساز بھی برا اور ایسا رفیق بھی برا ہے

اِنَّ اللّٰهَ يُدۡخِلُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفۡعَلُ مَا يُرِيۡدُ‏ ﴿14﴾

بے شک اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے ایسے ﴿14﴾
باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی بے شک اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے

مَنۡ كَانَ يَظُنُّ اَنۡ لَّنۡ يَّنۡصُرَهُ اللّٰهُ فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ فَلۡيَمۡدُدۡ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لۡيَقۡطَعۡ فَلۡيَنۡظُرۡ هَلۡ يُذۡهِبَنَّ كَيۡدُهٗ مَا يَغِيۡظُ‏ ﴿15﴾

جسے یہ خیال ہو کہ اللہ دنیا اور آخرت میں اس کی ہرگز مدد نہ ﴿15﴾
کرے گااسے چاہیے کہ چھت میں ایک رسی لٹکائے پھر اسے کاٹ دے پھر دیکھے کہ اس کی تدبیر اس کے غصہ کو دور کرتی ہے

وَكَذٰلِكَ اَنۡزَلۡنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهۡدِىۡ مَنۡ يُّرِيۡدُ ﴿16﴾
اور اسی طرح ہم نےاس قرآن کو واضح آیتیں بنا کر نازل کیا ہے ﴿16﴾
اور بے شک اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے

اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَالَّذِيۡنَ هَادُوۡا وَالصّٰبِـِٕيۡنَ وَالنَّصٰرٰى وَالۡمَجُوۡسَ وَالَّذِيۡنَ
اَشۡرَكُوۡۤا ‌ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفۡصِلُ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ﴿17﴾
بے شک اللہ مسلمانوں اور یہودیوں اور صابیوں اور عیسائیوں ﴿17﴾
اورمجوسیوں اور مشرکوں میں قیامت کے دن فیصلہ کرے گا
بےشک ہر چیز اللہ کے سامنے ہے

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسۡجُدُ لَهٗ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنۡ فِى الۡاَرۡضِ وَالشَّمۡسُ وَالۡقَمَرُ
وَالنُّجُوۡمُ وَ الۡجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيۡرٌ مِّنَ النَّاسِ‌ ؕ وَكَثِيۡرٌ حَقَّ عَلَيۡهِ
الۡعَذَابُ‌ ؕ وَمَنۡ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنۡ مُّكۡرِمٍ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفۡعَلُ مَا يَشَآءُ ؕ السجدة ﴿18﴾

السجدة

کیا تم نےنہیں دیکھا کہ جو کوئی آسمانوں میں ہے اور جو کوئی ﴿18﴾
زمین میں ہے اور سورج اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت
اورچار پائے اور بہت سے آدمی اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں اور بہت
سے ہیں کہ جن پر عذاب مقرر ہو چکا ہے اور جسے اللہ ذلیل کرتا
ہے پھر اسے کوئی عزت نہیں دےسکتا بے شک اللہ جو چاہتا ہے
کرتا ہے السجدة

هٰذٰنِ خَصۡمٰنِ اخۡتَصَمُوۡا فِیۡ رَبِّہِمۡ ۫ فَالَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا قُطِّعَتۡ لَہُمۡ ثِیَابٌ مِّنۡ نَّارٍ ؕ
یُصَبُّ مِنۡ فَوۡقِ رُءُوۡسِہِمُ الۡحَمِیۡمُ ﴿ۚ۱۹﴾
یہ دو فریق ہیں جو اپنے رب کے معاملہ میں جھگڑتے ہیں پھر جو ﴿۱۹﴾
منکر ہیں ان کے لیے آگ کے کپڑے قطع کیے گئے ہیں اور ان
کےسروں پر کھولتا ہوا پانی ڈالا جائے گا

یُصۡہَرُ بِہٖ مَا فِیۡ بُطُوۡنِہِمۡ وَ الۡجُلُوۡدُ ﴿ؕ۲۰﴾
جس سے جو کچھ ان کے پیٹ میں ہے اور کھالیں جھلس دی جائیں ﴿۲۰﴾
گی

وَ لَہُمۡ مَّقَامِعُ مِنۡ حَدِیۡدٍ ﴿۲۱﴾
اور ان پر لوہے کے گرز پڑیں گے ﴿۲۱﴾

کُلَّمَاۤ اَرَادُوۡۤا اَنۡ یَّخۡرُجُوۡا مِنۡہَا مِنۡ غَمٍّ اُعِیۡدُوۡا فِیۡہَا ٭ وَ ذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡحَرِیۡقِ ﴿ع۲۲﴾

وع

جب گھبرا کر وہاں سے نکلنا چاہیں گے اسی میں لوٹا دیئے جائیں ﴿۲۲﴾
**وع** گے اور دوزخ کا عذاب چکھتے رہو

اِنَّ اللّٰہَ یُدۡخِلُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا الۡاَنۡہٰرُ
یُحَلَّوۡنَ فِیۡہَا مِنۡ اَسَاوِرَ مِنۡ ذَہَبٍ وَّ لُؤۡلُؤًا ؕ وَ لِبَاسُہُمۡ فِیۡہَا حَرِیۡرٌ ﴿۲۳﴾
بے شک اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے باغوں ﴿۲۳﴾
میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی وہاں انہیں

سونے کے کنگن اور موتی پہنائیں جائیں گے اور وہاں ان کا لباس ریشمی ہوگا

وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿24﴾

اور انہوں نے عمدہ بات کی راہ پائی اور تعریف والے اللہ کی راہ ﴿24﴾ پائی

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ۭ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۢ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿25﴾ ع۱۰

بے شک جو منکر ہوئے اور لوگوں کو اللہ کے راستہ اور مسجد ﴿25﴾ حرام سے روکتے ہیں جسے ہم نے سب لوگو ں کے لیے بنایا ہے وہاں اس جگہ کا رہنے والا اورباہروالادونوں برابر ہیں اور جو وہاں ظلم سے کجروی کرنا چاہے تو ہم اسے دردناک عذاب چکھائیں گے

ع۱۰

وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـــًٔا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّاۗىِٕفِيْنَ وَالْقَاۗىِٕمِيْنَ وَ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿26﴾

اور جب ہم نے ابراھیم کے لیے کعبہ کی جگہ معین کر دی کہ ﴿26﴾ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کراور میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور قیام کرنے والوں اور رکوع و سجود کرنے والوں کے لیے پاک رکھ

وَاَذِّنۡ فِى النَّاسِ بِالۡحَجِّ يَاۡتُوۡكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاۡتِيۡنَ مِنۡ كُلِّ فَجٍّ عَمِيۡقٍ ۙ
(27)

اور لوگوں میں حج کا اعلان کر دے کہ تیرے پاس پا پیادہ او رپتلے (27)
دُبلے اونٹوں پر دور دراز راستوں سے آئیں

لِّيَشۡهَدُوۡا مَنَافِعَ لَهُمۡ وَيَذۡكُرُوا اسۡمَ اللّٰهِ فِىۡۤ اَيَّامٍ مَّعۡلُوۡمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمۡ مِّنۡۢ
بَهِيۡمَةِ الۡاَنۡعَامِ‌ ۚ فَكُلُوۡا مِنۡهَا وَاَطۡعِمُوا الۡبَآٮِٕسَ الۡفَقِيۡرَ ۖ (28)
تاکہ اپنے فائدوں کے لیے آموجود ہوں اورتاکہ جو چار پائے اللہ (28)
نےانہیں دیے ہیں ان پر مقررہ دنوں میں اللہ کا نام یاد کریں پھر ان
میں سے خود بھی کھاؤ اور محتاج فقیر کو بھی کھلاؤ

ثُمَّ لۡيَـقۡضُوۡا تَفَثَهُمۡ وَلۡيُوۡفُوۡا نُذُوۡرَهُمۡ وَلۡيَطَّوَّفُوۡا بِالۡبَيۡتِ الۡعَتِيۡقِ (29)
پھر چاہیئے کہ اپنا میل کچیل دور کریں اور اپنی نذریں پوری کریں (29)
اور قدیم گھر کا طواف کریں

ذٰلِكَ وَمَنۡ يُّعَظِّمۡ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيۡرٌ لَّهٗ عِنۡدَ رَبِّهٖ‌ ؕ وَاُحِلَّتۡ لَـكُمُ الۡاَنۡعَامُ اِلَّا
مَا يُتۡلٰى عَلَيۡكُمۡ‌ فَاجۡتَنِبُوا الرِّجۡسَ مِنَ الۡاَوۡثَانِ وَاجۡتَنِبُوۡا قَوۡلَ الزُّوۡرِ ۙ (30)
یہی حکم ہے اور جو اللہ کی معزز چیزوں کی تعظیم کرے گا سو یہ (30)
اس کے لیے اس کے رب کے ہاں بہتر ہے اور تمہارے لیے مویشی
حلال کر دیئے گئے ہیں مگر وہ جو تمہیں پڑھ کر سنائے جاتے ہیں
پھر بتوں کی ناپاکی سے بچو اور جھوٹی بات سے بھی پرہیز کرو

حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ
فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِىْ بِهِ الرِّيْحُ فِىْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿31﴾
خاص اللہ کے ہو کر رہو اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو اور ﴿31﴾
جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرتا ہے تو گویا وہ آسمان سے گر
پڑا پھر اسے پرندے اچک لیتے ہیں یا اسے ہوا اڑا کر کسی دور جگہ
پھینک دیتی ہے

ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿32﴾
بات یہی ہے اور جو شخص اللہ کی نامزد چیزوں کی تعظیم کرتا ﴿32﴾
ہے سو یہ دل کی پرہیز گاری ہے

لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿33﴾ ع ۱۱
تمہارے لیے ان میں ایک وقت معین تک فائدے ہیں پھر اس کے ﴿33﴾
ذبح ہونے کی جگہ قدیم گھر کے قریب ہے ع ۱۱

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ
فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿34﴾ ۙ
اور ہر امت کے لیے ہم نے قربانی مقرر کر دی تھی تاکہ اللہ نے ﴿34﴾
جو چار پائے انہیں دیے ہیں ان پر اللہ کا نام یاد کیا کریں پھر تم سب
کا معبود تو ایک اللہ ہی ہے پس اس کے فرمانبردار رہو اور عاجزی
کرنے والوں کو خوشخبری سنا دو

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَاۤ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِى
الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿35﴾

وہ لوگ جب اللہ کا نام لیا جائے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جب ﴿35﴾
ان پر مصیبت آئے تو صبر کرنے والے ہیں اور نماز قائم کرنے والے
ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا
صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ؕ كَذٰلِكَ
سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿36﴾

اور ہم نے تمہارے لیے قربانی کے اونٹ کو اللہ کی نشانیوں میں ﴿36﴾
سے بنایا ہے تمہارے لیے ان میں فائدے بھی ہیں پھر ان پر اللہ کا نام
کھڑا کر کے لو پھر جب وہ کسی پہلو پر گر پڑیں تو ان میں سے خود
کھاؤ اور صبر سے بیٹھنے والے اور سائل کو بھی کھلاؤ اللہ نے
انہیں تمہارے لیے ایسا مسخر کر دیا ہے تاکہ تم شکر کرو

لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا
لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ؕ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿37﴾

اللہ کو نہ ان کا گوشت اور نہ ان کا خون پہنچتا ہے البتہ تمہاری ﴿37﴾
پرہیز گاری اس کے ہاں پہنچتی ہے اسی طرح انہیں تمہارے تابع کر
دیا تاکہ تم اللہ کی بزرگی بیان کرو اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت کی
اور نیکوں کو خوشخبری سنا دو

إِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿38﴾ ع ۱۲ الثلاثة
بیشک اللہ ایمان والوں سے دشمنوں کو ہٹا دے گا اللہ کسی دغا باز نا ﴿38﴾
شکر گزار کو پسند نہیں کرتا ع ۱۲ الثلاثة

اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ۙ ﴿39﴾
جن سے کافر لڑتے ہیں انہیں بھی لڑنے کی اجازت دی گئی ہے اس ﴿39﴾
لیے کہ ان پر ظلم کیا گیا اور بیشک اللہ ان کی مدد کرنے پر قادر ہے

الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ
النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا
اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿40﴾
وہ لوگ جنہیں ناحق ان کے گھروں سے نکال دیا گیا ہے صرف اس ﴿40﴾
کہنے پر کہ ہمارا رب اللہ ہے اور اگر اللہ لوگوں کو ایک دوسرے
سے نہ ہٹاتا تو تکیئے اور مدرسے اورعبادت خانے اور مسجدیں ڈھا
دی جاتیں جن میں اللہ کا نام کثرت سے لیا جاتا ہے اور اللہ ضرور اس
کی مدد کر ے گا جو اللہ کی مددکرے گابیشک اللہ زبردست غالب ہے

اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ
وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿41﴾

وہ لوگ اگر ہم انہیں دنیا میں حکومت دے دیں تو نماز کی پابندی ⑪
کریں اور زکوٰۃ دیں اور نیک کام کا حکم کریں اور برے کاموں سے
روکیں اور ہر کام کا انجام تو اللہ کے ہی ہاتھ میں ہے

وَاِنۡ يُّكَذِّبُوۡكَ فَقَدۡ كَذَّبَتۡ قَبۡلَهُمۡ قَوۡمُ نُوۡحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوۡدُ ۙ ⑫
اور اگر تمہیں جھٹلائیں تو ان سے پہلے نوح کی قوم اور عاد اور ⑫
ثمود

وَقَوۡمُ اِبۡرٰهِيۡمَ وَقَوۡمُ لُوۡطٍ ۙ ⑬
اور ابراھیم کی قوم اور لوط کی قوم ⑬

وَّاَصۡحٰبُ مَدۡيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوۡسٰى فَاَمۡلَيۡتُ لِلۡكٰفِرِيۡنَ ثُمَّ اَخَذۡتُهُمۡ ۚ فَكَيۡفَ كَانَ
نَكِيۡرِ ⑭
اور مدین والے اپنے اپنے نبی کو جھٹلا چکے ہیں اور موسیٰ کو ⑭
بھی جھٹلایا گیا پھر میں نے منکروں کو مہلت دی پھر میں نے انہیں
پکڑا پھر میری پکڑ کیسی تھی

فَكَاَيِّنۡ مِّنۡ قَرۡيَةٍ اَهۡلَكۡنٰهَا وَهِىَ ظَالِمَةٌ فَهِىَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوۡشِهَا وَبِئۡرٍ مُّعَطَّلَةٍ
وَّقَصۡرٍ مَّشِيۡدٍ ⑮
سو کتنی بستیاں ہم نے ہلاک کر دیں اور وہ گناہ گار تھیں اب وہ ⑮
اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں اور کتنے کنوئیں نکمے اور کتنے پکے
محل اجڑے اجڑے پڑے ہیں

أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَتَكُونَ لَهُمْ قُلُوبٌ يَعْقِلُونَ بِهَا أَوْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا ۖ
فَإِنَّهَا لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلَٰكِن تَعْمَى الْقُلُوبُ الَّتِي فِي الصُّدُورِ (46)

کیا انھوں نے ملک میں سیر نہیں کی پھر ان کے ایسے دل ہوجاتے (46)
جن سے سمجھتے یا ایسے کان ہو جاتے جن سے سنتے پس تحقیق
بات یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ دل جو سینوں میں ہیں
اندھے ہو جاتے ہیں

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَلَن يُخْلِفَ اللَّهُ وَعْدَهُ ۚ وَإِنَّ يَوْمًا عِندَ رَبِّكَ كَأَلْفِ
سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ (47)

اور تجھ سے عذاب جلدی مانگتے ہیں اور الله اپنے وعدہ کا ہرگز (47)
خلاف نہیں کرے گا اور ایک دن تیرے رب کے ہاں ہزار برس کے
برابر ہوتا ہے جوتم گنتے ہو

ع۱۳ وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ أَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ أَخَذْتُهَا وَإِلَيَّ الْمَصِيرُ (48) ع

اور کتنی بستیوں کو میں نے مہلت دی حالانکہ وہ ظالم تھیں پھر (48)
ع۱۳ میں نے انہیں پکڑا اور میری طرف ہی پھر کر آنا ہے

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا أَنَا لَكُمْ نَذِيرٌ مُّبِينٌ (49)

کہہ دو اے لوگو میں تو صرف تمہیں صاف صاف ڈرانے والا ہوں (49)

فَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ (50)

پھر جو لوگ ایمان لائے اوراچھے کام کیے ان کے لیے بخشش اور ﴿50﴾
عزت کی روزی ہے

وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿51﴾
اور جنہوں نے ہماری آیتوں کے پست کرنے میں کوشش کی وہی ﴿51﴾
دوزخی ہیں

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ
فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۙ﴿52﴾
اور ہم نے تجھ سے پہلے کوئی بھی ایسا رسول اور نبی نہیں بھیجا ﴿52﴾
کہ جس نے جب کوئی تمنا کی ہو اور شیطان نے اس کی تمنا میں
کچھ آمیزش نہ کی ہو پھر اللہ شیطان کی آمیزش کو دور کرکے اپنی
آیتوں کو محفوظ کردیتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے

لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۚ وَ
اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ۙ﴿53﴾
تاکہ شیطان کی آمیزش کو ان لوگوں کے لیے آزمائش بنا دے جن ﴿53﴾
کے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل سخت ہیں اور بے شک
ظالم بڑی ضدی میں پڑے ہوئے ہیں

وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ
قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿54﴾

اور تاکہ علم والے اسے تیرے رب کی طرف سے حق سمجھ کر ﴿۵۴﴾
ایمان لے آئیں پھر ان کے دل اس کے لیے جھک جائیں اور بیشک اللہ
ایمان داروں کو سیدھے راستہ کی طرف ہدایت کرنے والا ہے

وَلَا يَزَالُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً أَوْ يَأْتِيَهُمْ
عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيمٍ ﴿۵۵﴾
اور منکر قرآن کی طرف سے ہمیشہ شک میں رہیں گے یہاں تک ﴿۵۵﴾
کہ قیامت یکاک ان پر آ موجود ہو یا منحوس دن کا عذاب ان پر نازل
ہو

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۖ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۚ فَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِي جَنّٰتِ
النَّعِيمِ ﴿۵۶﴾
اس دن اللہ ہی کی حکومت ہوگی وہی ان میں فیصلہ کر لے گا پھر ﴿۵۶﴾
جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے وہ نعمت کے باغوں میں ہوں گے

وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَ كَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿۵۷﴾ ع۱۴
اورجو منکر ہوئے اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا سو انکے لیے ذلت ﴿۵۷﴾
کا عذاب ہے ع۱۴

وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا أَوْ مَاتُوا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ۗ
وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِينَ ﴿۵۸﴾

اور جنہوں نے اللہ کی راہ میں ہجرت کی پھر قتل کیے گئے یا مر 58
گئے البتہ انہیں اللہ اچھا رزق دے گا اور بے شک اللہ سب سے بہتر
رزق دینے والا ہے

لَيُدۡخِلَنَّهُمۡ مُّدۡخَلًا يَّرۡضَوۡنَهٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيۡمٌ حَلِيۡمٌ 59
البتہ انہیں ایسی جگہ پہنچائے گا جسے پسند کریں گے اور بیشک 59
اللہ جاننے والا بردبار ہے

ذٰلِكَ ۚ وَمَنۡ عَاقَبَ بِمِثۡلِ مَا عُوۡقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِىَ عَلَيۡهِ لَيَنۡصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ
غَفُوۡرٌ 60
بات یہ ہے اور جس نے اسی قدر بدلہ لیا جس قدر اسے تکلیف دی 60
گئی تھی پھر اس پر زیادتی کی گئی تو اللہ ضرور اس کی مد کرے گا
بے شک اللہ درگزر کرنے والا معاف کرنے والا ہے

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوۡلِجُ الَّيۡلَ فِى النَّهَارِ وَيُوۡلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيۡلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيۡعٌۢ بَصِيۡرٌ
61
وہ اس لیے کہ اللہ رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کیا 61
کرتا ہے اور بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡحَـقُّ وَاَنَّ مَا يَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِهٖ هُوَ الۡبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ
الۡعَلِىُّ الۡكَبِيۡرُ 62

یہ اس لیے کہ حق اللہ ہی کی ہستی ہے اور جنہیں اس کے سوا 62
پکارتے ہیں باطل ہیں اور بے شک اللہ ہی بلند مرتبہ بڑائی والا ہے

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۫ فَتُصۡبِحُ الۡاَرۡضُ مُخۡضَرَّةً ؕ اِنَّ اللّٰهَ
لَطِيۡفٌ خَبِيۡرٌ ۚ 63

کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی نازل کیا پھر زمین 63
سرسبز ہوجاتی ہے بے شک اللہ مہربان خبردار ہے

لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الۡغَنِىُّ الۡحَمِيۡدُ ۠ 64

جوکچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کا ہے اور بے شک 64
اللہ وہی بے نیاز قابل تعریف ہے
ع۱۵

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَـكُمۡ مَّا فِى الۡاَرۡضِ وَالۡـفُلۡكَ تَجۡرِىۡ فِى الۡبَحۡرِ بِاَمۡرِهٖ ؕ
وَيُمۡسِكُ السَّمَآءَ اَنۡ تَقَعَ عَلَى الۡاَرۡضِ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ
65

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے زمین کی سب چیزوں اور کشتیوں 65
کو تمہارے تابع کر دیا ہےجو دریا میں اس کے حکم سے چلتی ہیں
اور آسمان کو زمین پر گرنے سے تھامے ہوئے ہے مگر اس کے
حکم سے بے شک اللہ لوگوں پر نرمی کرنے والا نہایت رحم کرنے
والا ہے

وَهُوَ الَّذِىۡۤ اَحۡيَاكُمۡ ۫ ثُمَّ يُمِيۡتُكُمۡ ثُمَّ يُحۡيِيۡكُمۡ ؕ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَـكَفُوۡرٌ 66

اور وہ وہی ہے جس نے تمہیں زندہ کیا پھر تمہیں مارے گا پھر ﴿66﴾
تمہیں زندہ کرے گا بے شک انسان البتہ بڑا ہی نا شکرا ہے

لِّكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِى الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ؕ
اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿67﴾

ہم نے ہر قوم کے لیے ایک دستور مقرر کر دیا ہے جس پر وہ ﴿67﴾
چلتے ہیں پھر انہیں تمہارے ساتھ اس معاملہ میں جھگڑنا نہ چاہیئے
اور اپنے رب کی طرف بلا بے شک تو البتہ سیدھے راستہ پر ہے

وَاِنْ جَادَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿68﴾

اور اگر تجھ سے جھگڑا کریں تو کہہ دے اللہ بہتر جانتا ہے جو تم ﴿68﴾
کرتے ہو

اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿69﴾

اللہ قیامت کے دن تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا جس چیز میں تم ﴿69﴾
اختلاف کرتے تھے

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِىْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ
عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿70﴾

کیا تجھے معلوم نہیں کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ﴿70﴾
ہے یہ سب کتاب میں لکھا ہوا ہے یہ اللہ پر آسان ہے

وَيَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَمۡ يُنَزِّلۡ بِهٖ سُلۡطٰنًا وَّمَا لَيۡسَ لَهُمۡ بِهٖ عِلۡمٌ‌ؕ وَمَا
لِلظّٰلِمِيۡنَ مِنۡ نَّصِيۡرٍ ۝٧١

اور اللہ کے سوا ایسی چیز کو پوجتے ہیں جس پر اس نے کوئی سند ۝٧١
نہیں اتاری اور نہ انکے پاس کوئی اس کا علم ہے اور ظالموں کا
کوئی مددگار نہ ہوگا

وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعۡرِفُ فِىۡ وُجُوۡهِ الَّذِيۡنَ كَفَرُوا الۡمُنۡكَرَ‌ؕ يَكَادُوۡنَ
يَسۡطُوۡنَ بِالَّذِيۡنَ يَتۡلُوۡنَ عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِنَا‌ؕ قُلۡ اَفَاُنَبِّئُكُمۡ بِشَرٍّ مِّنۡ ذٰ لِكُمُ‌ؕ اَلنَّارُ‌ؕ
وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا‌ؕ وَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ ۝٧٢

اور جب انہیں ہماری کھلی آیتیں پڑھ کر سنائی جائیں تو تم ۝٧٢
منکروں کے چہروں میں ناراضگی دیکھو گے قریب ہوتے ہیں کہ جو
لوگ انہیں ہماری آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں ان پر حملہ کر دیں کہہ دو
کیا میں تمہیں اس سے بھی بدتر بات بتاؤں آگ ہے کہ جس کا اللہ نے
منکروں سے وعدہ کیا ہے اور وہ بری جگہ ہے ع ١٦

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسۡتَمِعُوۡا لَهٗ‌ؕ اِنَّ الَّذِيۡنَ تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ لَنۡ
يَّخۡلُقُوۡا ذُبَابًا وَّلَوِ اجۡتَمَعُوۡا لَهٗ‌ؕ وَاِنۡ يَّسۡلُبۡهُمُ الذُّبَابُ شَيۡـئًا لَّا يَسۡتَنۡقِذُوۡهُ مِنۡهُ‌ؕ
ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالۡمَطۡلُوۡبُ ۝٧٣

اے لوگو ایک مثال بیان کی جاتی ہے اسے کان لگا کر سنو جنہیں ۝٧٣
تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ ایک مکھی بھی نہیں بنا سکتے اگرچہ
وہ سب اس کے لیے جمع ہوجائیں اور اگر ان سے مکھی کوئی چیز

چھین لے تو اسے مکھی سے چھڑا نہیں سکتے عابد اور معبود دونوں
ہی عاجز ہیں

مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿74﴾
انہوں نے اللہ کی کچھ بھی قدر نہ کی بے شک اللہ زوروالا غالب ﴿74﴾
ہے

اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۚ ﴿75﴾
فرشتوں اور آدمیوں میں سے اللہ ہی پیغام پہنچانے کے لیے چن لیتا ﴿75﴾
ہے بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿76﴾
وہ ان کے اگلے اور پچھلے حالات جانتا ہے اور سب کاموں کا ﴿76﴾
مدار اللہ پر ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَ اعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ
السجدة تُفْلِحُوْنَ ۩ ﴿77﴾
اے ایمان والو رکوع اور سجدہ کرو اور اپنے رب کی بندگی کرو ﴿77﴾
السجدة اور بھلائی کرو تاکہ تمہارا بھلا ہو

وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ
حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ۬ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ

الرَّسُوۡلُ شَهِيۡدًا عَلَيۡكُمۡ وَتَكُوۡنُوۡا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۖۚ فَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا
الزَّكٰوةَ وَاعۡتَصِمُوۡا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوۡلٰٮكُمۡ ۚ فَنِعۡمَ الۡمَوۡلٰى وَنِعۡمَ النَّصِيۡرُ ﴿78﴾ ع ۱۷

اور اللہ کی راہ میں کوشش کرو جیسا کوشش کرنے کا حق ہے اس ﴿78﴾
نے تمہیں پسند کیا ہے اور دین میں تم پر کسی طرح کی سختی نہیں
کی تمہارے باپ ابراھیم کا دین ہے اسی نے تمہارا نام پہلے
سےمسلمان رکھا تھااوراس قرآن میں بھی تاکہ رسول تم پر گواہ بنے
اور تم لوگو ں پر گواہ بنو پس نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور اللہ کو
مضبوط ہو کر پکڑو وہی تمہارا مولیٰ ہے پھر کیا ہی اچھامولیٰ اور
کیا ہی اچھا مددگار ہے ع۱۷